**17-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

---

Music

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے لیے چناؤ مہم میں ایک دن باقی رہ گیا ہے اور چناؤ مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔

☆ بھارت کا کہنا ہے کہ چھبہار بندرگاہ چاروں طرف سے زمین سے گھرے وسط ایشیائی ملکوں کے لیے رابطہ فراہم کرے گی۔

☆ حکومت نے ملازمتوں کے لیے کمبوڈیا کا سفر کرنے والے بھارتی باشندوں کے لیے ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ جعلی ایجنٹوں سے ہوشیار رہیں۔

☆ ٹیبل ٹینس میں Poymantee بیبیا اور آکاش پال نے ترکیہ میں WTT کپڈوشیا فیڈر کا مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

☆ اور تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن میں مردوں اور خواتین کی ڈبلز کی جوڑی سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**Campaigning**

پانچویں مرحلے کے انتخابات کے لیے انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر حمایت حاصل کرنے کی غرض سے الگ الگ ریاستوں کا دورہ کر رہے ہیں۔ انتخابی مہم کل ختم ہو جائے گی۔ اِس مرحلے میں آٹھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 49 حلقوں میں پیر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے مہاراشٹر کے دادر میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ ریلی کے مقام تک پہنچنے سے قبل وزیراعظم نے چیتیہ بھومی میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر اور ساورکر اسمارک پر سوتنترتیہ ویر وِنایک دامودر ساورکر کو خراج عقیدت پیش کیا۔

دوسری طرف آئی۔این۔ڈی۔آئی اتحاد ممبئی میں باندرا-کُرلا کامپلیکس گراؤنڈ میں ایک ریلی کر رہا ہے۔

اِس سے قبل آج وزیراعظم نے اترپردیش کے حمیر پور، باربنکی اور فتح پور میں ریلیوں سے خطاب کیا۔ حمیر پور میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اقلیتوں کی ریزرویشن کے معاملے پر ایک بار پھر کانگریس پر حملہ کیا۔

S/B - 2100 - PM on Reservation

ایک اہم واقعیہ یہ رونما ہوا کہ رائے بریلی میں اونچاہار حلقے سے سماجوادی پارٹی کے MLA منوج پانڈے نے آج سینئر پارٹی لیڈر امت شاہ کی موجودگی میں BJP میں شمولیت اختیار کرلی۔ بعد میں اونچاہار میں پارٹی کے سینئر لیڈر نے ایک سیاسی اجتماع سے خطاب کیا اور کہا کہ اگر آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک اقتدار میں آگیا تو وہ رام مندر پر ایک بار پھر تالہ لگا دے گا۔

BJP کے سینئر لیڈر راجناتھ سنگھ نے بلیا ضلع میں ایک جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ BJP لگاتار تیسری مرتبہ اقتدار میں آئے گی۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اور سابق کانگریس صدر راہل گاندھی نے امیٹھی سے کانگریس کے امیدوار کشوری لال شرما کی حمایت میں آج مشترکہ طور پر چناؤ مہم کی۔ کشوری لال، اسمرتی ایرانی کے خلاف لڑ رہے ہیں۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے کہا کہ ایک بار وہ اقتدار میں آگئے تو آئی۔این۔ڈی۔آئی۔اے بلاک کسانوں کی فلاح کے لیے کم از کم امدادی قیمت کے معاملے پر قانون بنائے گا۔

S/B-2100- New Akhilesh Yadav

بہوجن سماج پارٹی کی سپریمو مایاوتی نے پرتاپ گڑھ ضلع میں آج سیاسی جلسے سے خطاب کیا اور انہوں نے BJP اور کانگریس پر حملہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ہی پارٹیاں بدعنوانی میں ملوث ہیں۔x

## 7th Phase Withorawal

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا آج آخری دن تھا۔ اس مرحلے میں یکم جون کو سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 لوک سبھا حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## Hazaribagh Constituency Profiles

لوک سبھا انتخابات میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں واقع اہمیت کے حامل پارلیمانی حلقوں کے جائزے کے سلسلے کے تحت آج جھارکھنڈ کے ہزاری باغ لوک سبھا حلقے سے متعلق پیش ہے خصوصی رپورٹ :

V/C - Kunal Shinde

جھارکھنڈ میں ہر کسی کی نگاہیں ہزاری باغ لوک سبھا سیٹ پر ٹکی ہیں جہاں کانگریس اور BJP کے درمیان سخت مقابلے کا امکان ہے۔

ہزاری باغ میں BJP نے اپنے موجودہ رکن پارلیمنٹ جینت سنہا کا ٹکٹ کاٹ کر منیش جیسوال کو میدان میں

اتارا ہے۔منیش جیسوال کا مقابلہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد کے کانگریس امیدوار جئے پرکاش بھائی پٹیل سے ہوگا۔ جناب پٹیل نے BJP چھوڑ کر کانگریس پارٹی کا دامن تھاما ہے۔ اس کے نتیجے میں وہ موجودہ اراکین اسمبلی کی سیاسی قسمت داؤ پر لگی ہے۔ ہزاری باغ لوک سبھا سیٹ کو BJP کی محفوظ ترین سیٹوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے کیونکہ جینت سنہا یہاں سے لگاتار دو مرتبہ منتخب ہوئے ہیں۔

رانچی سے کنال شندے کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعد اللہ

## ECI Pollling Data

عام انتخابات 2024 کے چوتھے مرحلے کی ووٹنگ کا فیصد 69 اعشاریہ ایک چھ ریکارڈ کیا گیا ۔ انتخابی کمیشن نے آج نظرثانی شدہ انتخابی اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے بتایا کہ 59 اعشاریہ پانچ آٹھ فیصد مردوں نے ووٹ ڈالے جبکہ خواتین کے ووٹوں کی تعداد 68 اعشاریہ سات چھ فیصد تھی۔ مخنث ووٹروں کی تعداد 34 اعشاریہ دو تین فیصد رہی۔

اِس مرحلے میں نو ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کی 96 لوک سبھا سیٹوں کے لیے ووٹنگ ہوئی۔ آندھرا پردیش کی 25، تلنگانہ کی 17، اترپردیش کی 13، مہاراشٹر کی گیارہ، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی 8-8 ، بہار کی پانچ، جھارکھنڈ اور اڈیشہ کی چار چار سیٹوں کے ساتھ ساتھ مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کی ایک سیٹ کے لیے اِس مرحلے میں ووٹ ڈالے گئے۔

اس مرحلے میں ایک ہزار 717 امیدوار میدان میں تھے۔x

## EC Gangopadhyay

الیکشن کمیشن نے مغربی بنگال کے Tamluk لوک سبھا حلقے کے BJP امیدوار Abhijit Gangopadhyay کو وہاں کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے خلاف مبینہ طور پر ہتک آمیز بیان دینے پر وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے۔کمیشن نے کہا ہے کہ اُن کا بیان غیرمناسب، غیرمنصفانہ اور کسی بھی طرح سے ٹھیک نہیں ہے۔کمیشن نے مزید کہا کہ یہ پہلی نظر میں مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی ہے۔کمیشن نے اُن سے پیر کی شام تک جواب مانگا ہے کہ اُن کے خلاف کارروائی کیوں نہ کی جائے۔

ترنمول کانگریس نے Abhijit Gangopadhyay کے خلاف اُن کے اُس بیان پر شکایت درج کرائی تھی، جو انھوں نے بدھ کو ہلدیا میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے دیا تھا۔x

## Cong Breefing

کانگریس نے الزام لگایا ہے کہ پچھلے دس سالوں میں دلّی کی فضائی آلودگی کے تئیں مرکزی سرکار کے ذریعے کی گئی کوششوں کا کوئی اثر نہیں دِکھ رہا ہے۔ آج دلّی ریاستی کانگریس کے دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے کہا کہ ماحولیات، دلّی کے انتخابات میں ایک اہم رول ادا کرتا ہے کیونکہ یہ شہر فضائی

آلودگی میں سرفہرست ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرکز کی سرکار کی اوّلین ذمے داری اِس معاملے کو حل کرنا ہے۔ انھوں نے دلّی کے آس پاس کیمیاوی آلودگی، اراولی خطّے میں جنگل کو ختم کرنا، اینٹ کی بھٹیوں اور تھرمل پاور پلانٹس اور یمنا ندی کی آلودگی کا بھی معاملہ اٹھایا۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ آئی این ڈی آئی اے بلاک لوک سبھا انتخابات میں ایک واضح اکثریت حاصل کرے گا۔x

**MEA Chabahar**

وزیر خارجہ نے آج کہا ہے کہ بھارت چھہ بہار بندرگارہ کو بھارت کے اِس عزم کی تکمیل کے طور پر دیکھتا ہے کہ یہ بندرگاہ افغانستان اور چاروں طرف زمین سے گھِرے وسط ایشیائی ملکوں کے لیے رابطے کے ایک مرکزی مقام کا کردار ادا کرنے کے پورے امکانات رکھتی ہے۔ آج سہ پہر دلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے امور خارجہ کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت اور ایران کے درمیان طویل مدتی معاہدہ ایک بڑی حصولیابی ہے۔

S/B - 2100 - Randhir Jaiswal - Chabahar

ترجمان نے اطلاع دی کہ وزارت خارجہ میں اقتصادی تعلقات کے محکمے کے سکریٹری دمّو روی شنگھائی تعاون تنظیم SCO وزرائے خارجہ کی کونسل کی میٹنگ میں بھارت کی نمائندگی کے لیے اِس ماہ کی 20 تاریخ کو قزاخستان کے آستانہ کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ اِس میٹنگ میں SCO کونسل کے سربراہان مملکت کی جلد ہونے والی میٹنگ کی تیاریوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا اور SCO میں جاری تعاون کا جائزہ لیا جائے گا نیز مشترکہ معاملات کے تعلق سے علاقائی اور عالمی سطح پر رونما ہونے والے واقعات زیرغور آئیں گے۔

خالستان علیحدگی پسند ہردیپ سنگھ نجّر کے قتل کے معاملے میں کناڈا کی جانب سے چوتھے بھارتی کو گرفتار کیے جانے کے بارے میں ترجمان نے کہا کہ بھارت کو ابھی تک اِس سلسلے میں باقاعدہ اطلاع نہیں دی گئی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ابھی تک کوئی قونصلر درخواست بھی موصول نہیں ہوئی ہے۔ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں حالیہ احتجاج سے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ احتجاج وہاں کی پالیسیوں کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں اور کشمیر اور لداخ ہمیشہ بھارت کا اٹوٹ حصہ رہیں گے۔

S/B- 2100- Randhir Jaiswal - J&K

**MEA Cambodia Adivosr**

امور خارجہ کی وزارت نے کمبوڈیا اور جنوب مشرقی ایشیائی خطوں کی طرف ملازمتوں کے لیے سفر کرنے والے بھارتی باشندوں کے لیے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں اُن سے جعلی ایجنٹوں سے خبردار رہنے کو کہا گیا ہے۔ کمبوڈیا اور لاؤس کے بھارتی سفارتخانوں سے جاری ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ خطے میں کئی جعلی ایجنٹ بھارتی ایجنٹوں کے ساتھ کام کر رہے ہیں اور وہ لوگوں کو گھوٹالہ کرنے والی کمپنیوں کا لالچ دے رہے ہیں جو بالخصوص سائبر جرائم میں ملوث ہیں۔ ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ کمبوڈیا میں ملازمت کے خواہشمند لوگ صرف وزارت خارجہ کی جانب سے منظور شدہ اوتھورائزڈ ایجنٹوں کے ذریعے ہی ملازمت حاصل کریں۔x

## ONDC Startup Mahotsav

اسٹارٹ اپ انڈیا پہل اور اوپن بیٹ ورک فار ڈیجیٹل کامرس ONDC کے اشتراک سے آج نئی دلی میں ONDC اسٹارٹ اپ مہوتسو کا انعقاد کیا گیا۔

صنعتوں اور داخلی تجارت کے فروغ کے محکمے، DPIIT کے زیر انصرام منعقدہ اس مہوتسو میں 5 ہزار سے زیادہ اسٹارٹ اپس نے ہابرڈ طور پر حصہ لیا۔ DPIIT نے بتایا کہ 12 Uniocrns اور 125 سے زیادہ اسٹارٹ اپس نے ONDC نیٹ ورک سے جڑنے کا وعدہ کیا ہے۔ DPIIT کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے اسٹارٹ اپ اور اختراعی نظام کے فروغ کے لیے حکومت کے غیرمتزلزل عزم اور حمایت پر روشنی ڈالی۔ وہیں DPIIT کے جوائنٹ سکریٹری سنجیو نے اسٹارٹ اپ اور ONDC کے درمیان اشتراک کو جاری رکھنے کے حکومت کے نظریے کو اجاگر کیا۔x

## CII Climate Financing

نیتی آیوگ کے نائب سربراہ سُمن بیری نے آج کہا ہے کہ آب و ہوا سے متعلق فائنانس میں تخفیف اور توافق دونوں شامل ہیں۔ نئی دلی میں کاروباری تنظیموں کی جانب سے منعقدہ ایک تقریب میں جناب بیری نے کہا کہ آب و ہوا سے متعلق فائنانس پائیداریت کو رفتار دینے میں معاون ہو سکتا ہے۔ آب و ہوا کی منتقلی کے لیے فائنانس کے موضوع پر اظہار خیال کرتے ہوئے Simultaneous Elections کی اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے ممبر NK سنگھ نے کہا کہ فائنانسنگ کی ایک ایسی قسم کا تجزیہ کیے جانے اور تشکیل کیے جانے کی ضرورت ہے جو مخلوط فائنانس پر مبنی ہوں اور جسے ہائبرڈ نوعیت کا اثاثہ موصول ہو۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ زرِمبادلہ کے گرتی بڑھتی قیمتوں کے خطرات سے متعلق کئی معاملات ہیں جن پر تیزی سے پیشرفت کیے جانے کی ضرورت ہے۔x

## I&B Sec Cannes

اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے فرانس میں 77ویں کانس فلم فیسٹیول میں 55ویں بھارت بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI کے سرکاری پوسٹر کا اجرا کیا۔ IFFI فلم فیسٹیول اِس سال نومبر میں گوا میں ہوگا۔ اطلاعات ونشریات کے سکریٹری کے ساتھ ساتھ فلم ساز اشوک امرت راج، رِچی مہتا، گلوکار شان، اداکار راج پال یادو، فلم کی مشہور شخصیت Bobby Bedi دوسروں کے ساتھ اِس تقریب میں موجود تھے۔ بھارت پہلی مرتبہ کانس فلم فیسٹیول میں بھارت پرو کی میزبانی کر رہا ہے۔ ڈھائی سو سے زیادہ وفود نے اِس تقریب میں شرکت کی جس میں عالمی پلیٹ فارم پر بھارتی ثقافت، کھان پان اور سنیما کی نمائش کی گئی۔x

## Table Tennis

بھارت کے ٹیبل ٹینس کھلاڑی Poymantee Baisya اور آکاش پال نے Cappadocia میں عالمی ٹیبل ٹینس Feeder ٹورنامنٹ کا مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

انھوں نے یہ خطاب اپنے ہی ملک کے کھلاڑی Anirban Ghosh اور Swastika Ghosh کے خلاف

ایک سخت مقابلے کے بعد حاصل کیا۔
Baisya اور آکاش نے تین-دو سے جیت حاصل کرکے خطاب اپنے نام کیا۔x

## Badminton

ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی پر مشتمل بھارتی مردوں کی ڈبلز کی جوڑی آج 2024 تھائی لینڈ اوپن کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ بھارتی جوڑی نے ملیشیا کے جنیدی عارف اور Roy King Yap کو اکیس-سات، اکیس-چودہ سے شکست دی۔
اِس سے پہلے اشونی پوپنّا اور تنیشا کاسٹرو کی جوڑی بھی خواتین کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ اِس جوڑی نے جنوبی کوریا کی Lee Yu Lim اور Shin Saung Chan کو اکیس-پندرہ، اکیس-تیئیس، اکیس-اُنیس سے شکست دی۔
اِسی دوران، مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں Meiraba Luwang Maisnam کی شاندار کارکردگی اُس وقت ختم ہوگئی جب وہ عالمی نمبر آٹھ کھلاڑی Kunlavut Vitidsam سے بارہ-اکیس، پانچ-اکیس سے ہار گئے۔x

## UAE BLUE RESIDENCY VISA

متحدہ عرب امارات نے، جہاں 38 لاکھ سے زیادہ بھارت کے لوگ رہتے ہیں، ایک نئے ویزا پروگرام کا اعلان کیا ہے جس میں اُن افراد کو طویل مدت کے رہائش کی پیشکش کی گئی ہے جنہوں نے ماحول کے تحفظ اور دیر پائیگی کی کوششوں میں خاطرخواہ تعاون دیا ہے۔ دس سالہ بلو ریزیڈنسی ویزا کا مقصد، ماحولیات سے متعلق تحقیق، رضاکارانہ کاموں اور ٹکنالوجی پر مبنی طریقہ کار دریافت کرنے میں قائدانہ کردار کے حامل لوگوں کو اپنی طرف راغب کرنا اور اُن کی رہائش کو اپنے یہاں برقرار رکھنا ہے۔ اِس ویزا کیلئے ماحولیات کے تئیں کام کرنے والی بین الاقوامی تنظیموں کے ارکان، ایوارڈ یافتہ محققین اور ممتاز کارکن درخواستیں دے سکتے ہیں۔ X

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں لکھنؤ سوپر جائنٹس نے ممبئی انڈینس کے درمیان میچ جاری ہے۔ یہ میچ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔
اِس سے پہلے ممبئی انڈینس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔
ہارِدک پانڈیا کی قیادت والی ممبئی انڈینس، سرفہرست چار ٹیموں سے باہر ہونے والی پہلی ٹیم ہے جو پوائنٹس ٹیبل میں بھی سب سے نیچے ہے، جبکہ لکھنؤ سوپر جائنٹس، 13 میچ کھیل کر 12 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں ساتویں نمبر پر ہے۔x

☆☆☆☆☆☆